حب الوطنی اور شہدا کی قربانیوں کی یاد سے گونج اٹھا جہاں معرکہ حق کی تاریخی فتح کا ایک سال مکمل ہونے پر آئی جی ایف سی ساؤتھ کی زیر صدارت ایک پروقار اور یادگار تقریب منعقد کی گئی۔ تقریب میں کمشنر مکران، ڈی آئی جی پولیس مکران، ڈپٹی کمشنر کیچ، ڈپٹی کمشنر حب سمیت سیاسی و سماجی رہنماؤں، مقامی عمائدین، معززین شہر اور مختلف علاقوں سے آئے شہریوں نے بھرپور شرکت کی۔ شرکا نے آئی جی ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) کے ہمراہ یادگار شہدا پر حاضری دی، پھولوں کی چادر چڑھائی اور وطن پر جان نچھاور کرنے والے شہدا کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا۔ تقریب کے دوران مقررین نے کہا کہ معرکہ حق صرف ایک عسکری کامیابی نہیں بلکہ قومی وحدت، قربانی اور استقامت کی روشن علامت ہے۔

JANG QUETTA

## ڈیرہ بگٹی: معرکہ حق کے سلسلے میں ریلی، خصوصی تقریبات، سیمینارز

**پاکستان کے اتحاد اور خوشحالی کے لیے اجتماعی کردار ادا کرنے کی ضرورت ہے، مقررین**

ڈیرہ بگٹی (نامہ نگار) معرکہ حق بنیان مرصوص کے سلسلے میں ڈیرہ بگٹی میں ایک عظیم الشان ریلی کا انعقاد کیا گیا جس میں ہزاروں نوجوانوں، طلبہ، قبائلی عمائدین، سماجی شخصیات اور شہریوں نے بھرپور شرکت کی دوسری جانب ضلع بھر کے اسکولوں، کالجوں اور دیگر تعلیمی اداروں میں خصوصی تقریبات، سیمینارز اور پروگرامز منعقد کیے گئے طلبہ نے تقریری مقابلوں، ملی نغموں، نعرے بازی اور شعری پروگراموں کے ذریعے حب الوطنی اور قومی جذبے کا اظہار کیا جبکہ اساتذہ نے نوجوان نسل کو قومی ذمہ داریوں، اتحاد و اتفاق اور سماجی اقدار سے متعلق آگاہی فراہم کی قبائلی عمائدین اور سماجی رہنماؤں نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کے اتحاد اور خوشحالی کے لیے اجتماعی کردار ادا کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے مقررین نے عوامی حقوق کے تحفظ، نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی، بہتر تعلیمی سہولیات اور علاقے میں جاری ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کا مطالبہ بھی کیا۔

## دالبندین: یک مچ میں معرکہ حق کے سلسلے میں ریلی

دالبندین (نامہ نگار) یکمچ میں معرکہ حق کے سلسلے میں شاندار کار ریلی نکالی گئی جس میں عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کی ریلی کے شرکاء نے مختلف شاہراہوں کا گشت کیا اور پاک فوج، معرکہ حق کے حق میں نعرے لگائے اس موقع پر مقررین نے کہا کہ پاکستانی عوام اپنی افواج کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں اور ملک کے دفاع و سلامتی کے لیے ہر قسم کی قربانی دینے کو تیار ہیں۔

## پنجگور: معرکہ حق کا ایک سال مکمل ہونے پر ریلی

پنجگور (نامہ نگار) پنجگور معرکہ حق کا ایک سال مکمل ہونے پر ایف سی ساؤتھ پنجگور رائفلز اور ضلعی انتظامیہ کی جانب سے یونیورسٹی آف مکران سے ریلی نکالی گئی ریلی میں شہریوں، طلباء، سیاسی سماجی رہنماؤں نے بڑی تعداد میں شرکت کی ریلی کی قیادت کمانڈنٹ پنجگور ظفر اقبال، ڈپٹی کمشنر عبدالکبیر زرکون، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ایاز خان، ڈسٹرکٹ چیئرمین عبدالمالک صالح بلوچ ودیگر نے کی مقررین نے کہا کہ پاک فوج ہمارا فخر ہے پاک فوج اپنی بہادری اور صلاحیتوں کا لوہا پوری دنیا میں منوا چکی ہے پیشہ ورانہ مہارت اور قائدانہ صلاحیتوں سے بھارت کا غرور کئی بار خاک میں ملا چکی ہے۔

## معرکہ حق: ڈیرہ مراد جمالی اور ڈیرہ اللہ یار میں ریلیاں

ڈیرہ مراد جمالی/ڈیرہ اللہ یار (نامہ نگاران) ڈیرہ مراد جمالی اور ڈیرہ اللہ یار میں معرکہ حق کے حوالے سے ریلیاں و تقاریب منعقد کی گئیں، ریلیوں میں قبائلی شخصیات و شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی اس موقع پر شرکا کا کہنا تھا کہ پاک افواج کے بہادر جوانوں نے بہادری کا مظاہرہ کر کے نہ صرف دشمن کا غرور خاک میں ملا دیا بلکہ دنیا میں ایک نئی تاریخ رقم کی اور بلوچستان کا ہر فرد پاک افواج کے ساتھ کھڑا ہے۔

INTEKHAB QUETTA

## افواج پاکستان کی قربانیوں کو فراموش نہیں کیا جاسکتا، سول سوسائٹی

**بسیمہ میں ریلی، بنیان مرصوص قومی اتحاد، قربانی اور حب الوطنی کی علامت ہے، مقررین**

بسیمہ (نامہ نگار) معرکہ حق اور بنیان مرصوص کو ایک سال مکمل ہونے پر سول سوسائٹی بسیمہ کی جانب سے افواج پاکستان سے اظہار یکجہتی کے لیے ایک عظیم الشان ریلی نکالی۔ ریلی کا آغاز شہید ممتاز عالم گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول بسیمہ سے ہوا، جس میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے بھرپور شرکت کی۔ ریلی میں اساتذہ، افسران، انجمن تاجران، طلبہ اور شہریوں کی بڑی تعداد شریک ہوئی۔ شرکاء نے ہاتھوں میں قومی پرچم اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے، جن پر پاکستان اور فوج کے حق میں نعرے درج تھے۔ ریلی کے شرکاء نے قومی یکجہتی اور حب الوطنی کا شاندار مظاہرہ کیا۔ مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ افواج پاکستان نے ہمیشہ ملک کی سلامتی، دفاع اور استحکام کے لیے بے مثال قربانیاں دی ہیں، جنہیں قوم کبھی فراموش نہیں کر سکتی۔ مقررین کا کہنا تھا کہ معرکہ حق اور بنیان مرصوص قومی اتحاد، قربانی اور حب الوطنی کی علامت ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی عوام اپنی افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور ہر مشکل وقت میں قومی اداروں کے ساتھ مکمل تعاون جاری رکھے گی۔ ریلی کے اختتام پر ملک کی سلامتی، ترقی اور استحکام کے لیے خصوصی دعا کی گئی۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 11 MAY 2026 Page No. 14

# کسٹم ویئر ہاؤس لکپاس میں آگ، نان کسٹم پیڈ گاڑیوں، کوچز اور ٹرکوں سمیت اربوں کا سامان جل گیا

**26 افراد جھلس کر زخمی**

## دس گھنٹے گزرنے کے بعد بھی آگ پر قابو نہیں پایا جاسکا، آگ کے باعث کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ ہر قسم کی ٹریفک کیلئے بند، متاثرین کی حکومت سے نقصان کا ازالہ کرنے کی اپیل

**پی ڈی ایم اے کی جانب سے موقع پر 30 ریسکیورز، 13 ایمبولینسز، 4 فائر ٹرکس اور 7 واٹر باؤزرز تعینات، ویئر ہاؤس میں بڑی مقدار میں ایل پی جی سلنڈرز، ایندھن اور کیمیکل موجود، صورتحال انتہائی حساس**

مستونگ (رپورٹ عطاءاللہ بلوچ) لکپاس کسٹم ویئر ہاؤس میں آتشزدگی سو سے زائد نان کسٹم پیڈ گاڑیاں اسمگلنگ شدہ غیر ملکی سامان ایرانی پیٹرول و ڈیزل اور اربوں روپے کے دیگر اشیاء خاکستر ہو گئے جبکہ آگ کی لپیٹ میں آکر 26 افراد جھلس گئے جبکہ آگ کی شدت سے ٹول پلازہ لکپاس پر کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ کو ہر طرح کی ٹریفک کے لیے بند کردیا گیا دس گھنٹے گزرنے کے باوجود آگ پر قابو نہیں پا سکا تفصیلات کے مطابق اتوار کے روز صبح دس بجے کے قریب ٹول پلازہ لکپاس پر کسٹم ویئر ہاؤس آفس میں اچانک آگ بھڑک اٹھی اور اس نے آناً فاناً پورے ایریا کو اپنی لپیٹ میں لے لیا۔ واضح رہے کہ کسٹم ویئر ہاؤس میں مختلف چھاپوں کے دوران پکڑی گئی سو سے زائد نان کسٹم گاڑیاں، کوچز، کنٹینرز اور ٹرک دس ویلر گیس بوزر گاڑیاں بھی کھڑی تھیں۔ ان گاڑیوں میں اسمگلنگ کا غیر ملکی سامان، قالین، پرچون کی اشیاء، غیر ملکی کپڑے، سگریٹ پان چھالیہ سمیت مختلف نوعیت کا سامان موجود تھا۔ ذرائع کے مطابق زیادہ نقصان گیس بوزرز کے آگ کی لپیٹ میں آنے سے ہوا۔ آگ کی شدت سے 26 افراد جھلس گئے جنہیں انتظامیہ نے کوئٹہ کے مختلف ہسپتالوں میں منتقل کر دیا ڈپٹی کمشنر مستونگ بہرام سلیم ونگ کمانڈر فرنٹیئر کور چلتن رائفل اور ڈائریکٹر جنرل پی ڈی ایم اے نے کسٹم ویئر ہاؤس لکپاس کا دورہ کیا۔ اس دوران وہاں آگ میں گھرے ہوئے ایک گیس بوزر دھماکہ سے پھٹ گیا تاہم ڈپٹی کمشنر اور دیگر حکام اس کے شعلوں سے بال بال بچے۔ تاہم شعلوں کی زد میں آ کر 26 افراد زخمی ہو گئے۔ مستونگ اور کوئٹہ سے کئی فائر فائٹرز آگ بجھانے میں مصروف ہیں تاہم 10 گھنٹے گزرنے کے باوجود آگ پر قابو نہیں پایا جا سکا اور آگ کی شدت کے باعث کوئٹہ کراچی شاہراہ پر ٹریفک روک دی گئی ہے۔

کوئٹہ (این این آئی) پی ڈی ایم اے بلوچستان کے مطابق لک پاس میں واقع پاکستان کسٹم ویئر ہاؤس میں اتوار کے روز خوفناک آتشزدگی کا واقعہ پیش آیا، جہاں آگ بھڑکنے کے باعث ایل پی جی باؤزر اور گیس سلنڈرز میں دھماکے ہوئے جس کے نتیجے میں متعدد افراد زخمی ہوئے۔ ذرائع کے مطابق واقعے کی اطلاع صبح تقریباً 11 بجے موصول ہوئی جس پر ریلیف کمشنر/ ڈی جی پی ڈی ایم اے بلوچستان کی ہدایات پر فوری امدادی کارروائیاں شروع کی گئیں۔ ابتدائی طور پر فائر بریگیڈ اور ایمبولینسز روانہ کی گئیں جبکہ بعد ازاں ریسکیو آپریشن کو وسعت دی گئی۔ پی ڈی ایم اے کی جانب سے موقع پر 30 ریسکیورز، 13 ایمبولینسز، 4 فائر ٹرکس اور 7 واٹر باؤزرز تعینات کیے گئے، امدادی ٹیموں نے زخمیوں کو فوری طور پر شیخ زید اسپتال منتقل کیا جہاں ابتدائی طبی امداد کے بعد شدید زخمیوں کو سول ہسپتال کوئٹہ اور بی ایم سی برن یونٹ منتقل کیا گیا۔ فیلڈ اسیسمنٹ کے دوران ایک بڑے ایل پی جی باؤزر دھماکے کے نتیجے میں ریلیف کمشنر/ ڈی جی پی ڈی ایم اے، ڈپٹی کمشنر مستونگ، ونگ کمانڈر اور اسسٹنٹ کمشنر سریاب بھی معمولی زخمی ہوئے جبکہ ویئر ہاؤس میں بڑی مقدار میں ایل پی جی سلنڈرز، ایندھن اور کیمیکل موجود ہونے کے باعث صورتحال انتہائی حساس رہی، جس کے پیش نظر ٹیموں نے احتیاطی تدابیر اختیار کرتے ہوئے محدود انداز میں کارروائیاں جاری رکھیں۔ واقعے کے مقام پر ضلعی انتظامیہ، ایف سی، پولیس، ایم سی کیو فائر بریگیڈ اور پی ڈی ایم اے کی ٹیمیں امدادی سرگرمیوں میں مصروف ہیں اور آگ پر قابو پانے سمیت علاقے کو محفوظ بنانے کی کوششیں جاری ہیں۔

# پارلیمانی سیکرٹری برائے بہبود آبادی کا BEF کے آفس کا دورہ

**صوبائی حکومت ذہین اور مستحق طلباء کی بھرپور حوصلہ افزائی کرے گی، پرنس آغا عمر**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پارلیمانی سیکرٹری برائے بہبود آبادی پرنس آغا عمر احمد زئی نے بلوچستان ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ کے آفس کا دورہ کیا انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت ذہین اور مستحق طلباء کی بھرپور حوصلہ افزائی کرے گی انہوں نے کہا کہ بیف ایک ایسا فلاحی ادارہ ہے جہاں صوبے میں ٹاپ کرنے والے طلباء کے ساتھ ساتھ شہداء کے بچوں، ٹرانس جینڈر اور اقلیتوں کو اسکالرشپس کے مساوی مواقع فراہم کیے جاتے ہیں پارلیمانی سیکرٹری نے کہا کہ صوبائی حکومت نے ہمیشہ تعلیم کو اپنی ترجیحات میں سرفہرست رکھا ہے اور طلباء کو بھی اس اسکالرشپ سے زیادہ سے زیادہ استفادہ کرنا چاہیے انہوں نے سی ای او بیف کی پیشہ ورانہ قیادت کو سراہا اور امید کا اظہار کیا کہ یہ ادارہ آئندہ بھی موثر اور بہتر کارکردگی جاری رکھے گا اس موقع پر پارلیمانی سیکرٹری برائے بہبود آبادی پرنس آغا عمر احمد زئی کو چیف ایگزیکٹو آفیسر خالد ماندائی نے یادگاری شیلڈ بھی پیش کی۔

# ڈپٹی کمشنر کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ڈویلپمنٹ کمیٹی کا اجلاس

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ڈویلپمنٹ کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا جس میں یونیورسٹی آف بلوچستان میں کنسٹرکشن آف ای کامرس سینٹر منصوبے سے متعلق تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل، ایکسین سی اینڈ ڈبلیو، آئی ٹی ڈیپارٹمنٹ کے نمائندگان اور یونیورسٹی آف بلوچستان کے افسران نے شرکت کی ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کو منصوبے کی پیش رفت، تعمیراتی امور اور مجوزہ سہولیات کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی اجلاس میں منصوبے کو بروقت اور معیاری انداز میں مکمل کرنے پر زور دیا گیا ڈپٹی کمشنر مہراللہ بادینی نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ منصوبے پر کام میں شفافیت اور معیار کو یقینی بنایا جائے اور تمام امور کو مقررہ وقت کے مطابق مکمل کیا جائے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3 Dated 11 MAY 2020 Page No. 15

# صوبوں کی تقسیم کا کوئی بھی منصوبہ ہرگز قبول نہیں، اے این پی

## بعض قوتوں کی جانب سے صوبوں کی انتظامی تقسیم کا شوشہ چھوڑنا باقی ماندہ وسائل کو ہڑپ کرنے کی ایک منظم کوشش ہے

**ہمیشہ اصولی سیاست، آئین کی بالادستی اور محکوم اقوام کے حقوق کے لیے جدوجہد کی اور کرتے رہیں گے، اصغر خان اچکزئی**

چمن (محمد اصغر اچکزئی) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی نے کہا ہے کہ انتظامی بنیادوں پر صوبوں کی تقسیم کا کوئی بھی منصوبہ عوامی نیشنل پارٹی کو ہرگز قبول نہیں اے این پی ہمیشہ سے ملک کے اندر قومی بنیادوں پر وحدتوں کی از سر نو تشکیل کی حامی رہی ہے تاہم اس عمل کی بنیاد زبان تاریخ ثقافت جغرافیہ پر ہو بعض قوتوں کی جانب سے صوبوں کی انتظامی تقسیم کا شوشہ چھوڑنا دراصل باقی ماندہ ........ بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

ہے جسے پشتون بلوچ باشعور عوام بخوبی سمجھتے ہیں ملک اس وقت شدید سیاسی و معاشی تناؤ کی کیفیت سے گزر رہا ہے جہاں بے روزگاری بڑھتی مہنگائی غربت انتہا پسندی دہشت گردی اپنی انتہا کو پہنچ چکے ہیں گزشتہ تین سالوں سے ڈیورنڈ لائن سے متصل تجارت کی بندش اور آمدورفت پر قدغن پشتون اولس کی معاشی قتل عام ہے موجودہ حالات میں پارٹی کی تنظیمی سرگرمیوں کا تسلسل اور تحصیل کی سطح پر ترتیبی ورکرز کنونشنز کا انعقاد ایک مثبت پیش رفت ہے جبکہ کارکنوں کی بڑی تعداد میں شرکت اس بات کی علامت ہے کہ اولس اب بھی فخر باچا خان خیلی جمہوری اور قومی سیاست پر اعتماد رکھتے ہیں ذمہ داران تنظیمی رابطہ کو مزید موثر اور فعال بنانے کیلئے بھرپور جدوجہد کو اولیت دیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے چمن میں صدر تحصیل کے زیر اہتمام ورکرز کنونشن کے شرکا سے خطاب کے دوران کیا ورکرز کنونشن سے صوبائی جنرل سیکرٹری مابت کاکا مرکزی ایڈیشنل سیکرٹری جنرل عبداللہ عابد ضلعی صدر عبدالخالق محمل ضلع پشین صدر اصغر علی ترین تحصیل صدر عصمت وردگ ضلعی سیکر نائب صدر چیئرمین گل زمان تحصیل جنرل سیکرٹری محمد اکرم نجیب خان ماسٹر شرافالدین و دیگر نے بھی خطاب کیا ورکرز کنونشن زیر صدارت تحصیل صدر عصمت وردگ منعقد ہوا جس میں کثیر تعداد میں ذمہ داران نے شرکت کی اس موقع پر تحصیل سیکرٹری نے تحصیل کارکردگی رپورٹ پیش کی جس پر شرکا نے سیر حاصل بحث کی اس کا جائزہ لیا گیا اور آئندہ پارٹی فعالیت کیلئے تجاویز پیش کی گئیں مقررین نے کہا کہ پارٹی نے ہمیشہ اصولی سیاست جمہوری روایات آئین بالادستی اور محکوم اقوام کے حقوق کے لیے جدوجہد کی ہے اور آئندہ بھی پارٹی ہر فورم پر عوام کے حقوق کی آواز بلند کرتی رہے گی موجودہ حالات میں سیاسی کارکنوں پر بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ اولس میں شعور و آگاہی پیدا کریں۔

# جمعیت طلبہ نوجوانوں کو قومی ذمہ داری کا احساس دلاتی ہے، مولانا ہدایت الرحمن

## آج نوجوان نسل کو بے راہ روی، منشیات، فحاشی، سوشل میڈیا کے منفی اثرات جیسے سنگین چیلنجز کا سامنا ہے، صوبائی امیر جماعت اسلامی

**نوجوانوں کی صحیح رہنمائی نہ کی جائے تو معاشرہ فکری انتشار، اخلاقی بحران، سماجی تباہی کا شکار ہو جاتا ہے، داعیان کیمپ سے خطاب**

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان و رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا ہے کہ والدین اپنے بچوں کو اسلامی جمعیت طلبہ کے پلیٹ فارم سے وابستہ کریں، کیونکہ اسلامی جمعیت طلبہ ہی وہ منظم، نظریاتی اور تربیتی تنظیم ہے جو نوجوان نسل کو دین اسلام، اعلیٰ اخلاق، تعلیمی شعور، قیادت، خدمت خلق اور قومی ذمہ داری کا احساس دلاتی ہے موجودہ دور میں نوجوان نسل کو بے راہ روی........ بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

منشیات، فحاشی، مادہ پرستی، سوشل میڈیا کے منفی اثرات اور اخلاقی زوال جیسے سنگین چیلنجز کا سامنا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اسلامی جمعیت طلبا کے زیر اہتمام کوئٹہ میں سہ روزہ داعیان کیمپ برائے ذمہ داران سے خطاب کرتے ہوئے کیا داعیان کیمپ برائے ذمہ داران سے ناظم اسلامی جمعیت طلبا بلوچستان احسان اللہ ناصر جماعت اسلامی بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری مرتضیٰ خان کاکڑ نائب امراء زاہد اختر بلوچ ڈاکٹر عطاء الرحمان ڈپٹی جنرل سیکرٹری پروفیسر سلطان محمد کاکڑ ممتاز دانشور محمد فاروق کاکڑ سابق ناظم صوبہ اعجاز محبوب و دیگر نے بھی خطاب کیا انہوں نے کہا کہ ایسے نازک حالات میں ضروری ہے کہ طلبہ و نوجوانوں کی صحیح اسلامی خطوط پر تربیت کی جائے۔ اسلامی جمعیت طلبہ نے قیام پاکستان سے لے کر آج تک ملک بھر میں تعلیمی اداروں میں طلبہ کی فکری، اخلاقی، تعلیمی اور تنظیمی تربیت میں تاریخی کردار ادا کیا ہے۔ جمعیت نے ہمیشہ نوجوانوں کو مثبت سوچ، نظم و ضبط، دین سے وابستگی، والدین و اساتذہ کے احترام، مطالعہ، تحقیق اور قومی خدمت کا شعور دیا ہے۔ آج ملک کی سیاست، صحافت، تعلیم، عدلیہ، طب اور دیگر شعبہ جات میں خدمات انجام دینے والی بے شمار شخصیات اسلامی جمعیت طلبہ کی تربیت یافتہ ہیں۔ مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ نوجوان کسی بھی قوم کا قیمتی سرمایہ اور روشن مستقبل ہوتے ہیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 11 MAY 2026

Page No. 16


## وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی نے بلوچستان میں ترقی کی بنیاد رکھ دی، کریم نوشیروانی

**ماضی کی نسبت بلوچستان واضح انداز میں آگے بڑھتا دکھائی دیتا ہے، حکومت بے روزگاری کے خاتمے پر بھی توجہ دے**

کوئٹہ (پ ر) سابق صوبائی وزیر میر کریم نوشیروانی نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کے ڈھائی سالہ دور میں بلوچستان میں رکھی جانے والی ترقی کی بنیاد واضح نظر آتی ہے انہوں نے تمام اضلاع کو یکساں فنڈز فراہم کرنے کے بے مثال اقدام کیا۔ خصوصاً تعلیم اور صحت کے میدان میں بلوچستان واضح انداز میں آگے بڑھتا دکھائی دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان ماضی کی نسبت زیادہ ترقی کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ کی سوچ عوامی ہے اور جو ترقیاتی ترقی کی مد میں انہوں نے خاطر خواہ فنڈز فراہم کیے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مرکز کی طرف سے بھی صوبے کی ترقی میں خاطر خواہ تعاون جاری ہے۔ اگر ان کی سربراہی میں حکومت اپنی مدت پوری کرے تو آئندہ ڈھائی سال میں بلوچستان کافی ترقی کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کا اس وقت سب سے بڑا مسئلہ بے روزگاری ہے۔ حکومت کو اس میں کمی لانے پر بھی توجہ مرکوز کرنی چاہیے۔

MASHRIQ QUETTA

## بارڈر ٹریڈ سے لاکھوں افراد کا ذریعہ معاش وابستہ ہے، نیشنل پارٹی

**پارٹی نے ہر سطح پر سیاسی کارکنوں کی اغواء نما گرفتاری کی مذمت کی، مطالبہ ہے انہیں منظر عام پر لایا جائے، اسلم بلوچ**

**بارڈر ٹریڈ میں مداخلت بند، حکومت اگر نوجوانوں کو روزگار نہیں دے سکتی تو چھینے بھی نہیں، مستونگ کونسل اجلاس سے رہنماؤں کا خطاب**

مستونگ (این این آئی) نیشنل پارٹی مستونگ کا تیسرا ضلع کونسل اجلاس بیاد پارٹی کے بانی رہنما، مرحوم جہانگیر بلوچ، شہید میر غلام حسن سرپرہ، شہید میر تنویر جان ملازئی زیر صدارت صوبائی صدر چیئرمین اسلم بلوچ ڈسٹرکٹ کونسل ہال مستونگ میں منعقد ہوا مہمان خاص صوبائی جنرل سیکرٹری چنگیز حئی ایڈووکیٹ تھے اجلاس کا آغاز ضلعی رابطہ حاجی نذیر بنگلزئی نے تلاوت کلام پاک سے کیا اجلاس کے پہلے سیشن میں ضلعی سیکرٹری رپورٹ ضلعی جنرل سیکرٹری سجاد ہوار نے پیش کی جبکہ تحصیل مستونگ کے صدر رحمت بلوچ، تحصیل ولی خان کے صدر امان اللہ بلوچ، تحصیل دشت کے صدر عبدالکریم امیر، تحصیل کھڈکوچہ کے صدر عبدالرحمان شاہوانی نے اپنے تحصیل، پورٹس جبکہ لیبر ونگ کے صدر ظفر بلوچ نے اپنے......

بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

اپنے ونگ کی رپورٹ پیش کی تمام رپورٹس پر ضلع کونسل کے اراکین نے بحث میں بھرپور حصہ لیا اور تنظیم سازی اور دیگر مسائل کے حوالے سے اپنی تجاویز پیش کیں اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر چیئرمین اسلم بلوچ، صوبائی جنرل سیکرٹری چنگیز حئی ایڈووکیٹ، ضلعی صدر میر سکندر ملازئی، صوبائی لیبر سیکرٹری میر احمد بلوچ، صوبائی ورکنگ کمیٹی کے اراکین آغا فاروق شاہ، حاجی نذیر سرپرہ، نثار شوانی، ضلعی جنرل سیکرٹری سجاد ہوار، سالار جہانگیر بلوچ، حاجی نذیر بنگلزئی، ظفر اقبال بلوچ، ظفر بلوچ، نذیر نورزئی و دیگر نے کہا کہ بی ایس او پجار کے مرکزی سینئر وائس چیئرمین بابل ملک بلوچ کی گمشدگی کی شدید الفاظ میں مذمت کی اور کہا کہ بابل ملک بلوچ ایک پرامن و جمہوری طلباء تنظیم کے مرکزی رہنما ہیں لیکن حکومت پرامن جمہوری جدوجہد کرنے والے سیاسی کارکن کو بھی اس نظر سے دیکھ رہی ہے

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 11 MAY 2026

Page No. 17

## نصیرآباد: بجلی کے ہائی ٹرانسمیشن سسٹم کے 2 ٹاورز دھماکہ خیز مواد سے تباہ

### پولیس نے علاقے کا محاصرہ کر کے سرچ آپریشن شروع کر دیا، مزید تحقیقات جاری ہے

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) نصیرآباد گنڈو سے اندرون صوبے کو جانے والی بجلی کے ہائی ٹرانسمیشن سسٹم 220 کے وی بجلی کے دو ٹاورز کو دھماکہ خیز مواد سے اڑا دیا گیا جس سے صوبے کے متعدد علاقوں کو بجلی کی سپلائی معطل ہونے کا خدشہ پولیس کے مطابق ضلع نصیرآباد پولیس تھانہ چھتر کی حدود میر حسن بیرون ایریا میں سندھ گدو تھرمل پاور سے اندرون بلوچستان بجلی کی ہائی ٹرانسمیشن سسٹم 220 کے وی کے بجلی کے دو ٹاورز کو نامعلوم مسلح تخریب کاروں......... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

نے دھماکہ خیز مواد سے اڑا دیا گیا دھماکے اس قدر زوردار تھے کہ انکی آواز دور دور تک سنی گئی جس سے دو ٹاورز زمین بوس ہو کر ٹکڑے ٹکڑے ہو گئے واقعہ کی اطلاع پر مقامی پولیس اور سیکورٹی فورسز جائے وقوع پر پہنچ گئے اور علاقے کا محاصرہ کر کے سرچ آپریشن شروع کر دی جبکہ این ٹی ڈی سی کی بھی ٹیمیں جائے وقوع پر پہنچ گئی جن کا کہنا تھا کہ مرمت و بحالی کا کام سیکورٹی کی نگرانی میں شروع کر دیا گیا ہے انکا یہ بھی کہنا تھا کہ ٹاورز کے تباہ ہونے سے صوبے کے متعدد علاقوں میں بجلی کی ترسیل متاثر ہونے کا خدشہ پایا جا رہا ہے۔

## پنجگور سے 1 شخص کی نعش برآمد

کوئٹہ (آن لائن) پنجگور کے علاقے سے ایک شخص کی نعش برآمد نعش ہسپتال منتقل کر دی گئی پولیس کے مطابق گزشتہ روز پنجگور کے علاقے گوارگو فتح ملی کے قریب سے ایک شخص کی نعش برآمد ہوئی جسے ہسپتال منتقل کر دیا گیا جس کی شناخت الطاف سکنہ گوارگو کے نام سے ہوئی نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثا کے حوالے، مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔

## خضدار: پولیس کی منشیات کیخلاف کارروائیاں جاری بین الصوبائی منشیات اسمگلرز گرفتار

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار پولیس کی منشیات کے خلاف کامیاب کارروائیاں جاری مزید دو بین الصوبائی منشیات اسمگلرز گرفتار، تفصیلات کے مطابق ایس ایچ او باغبانہ ابراہیم شیخ و دیگر اہلکاروں نے باغبانہ ایریا میں کارروائی کرتے ہوئے بین الصوبائی منشیات اسمگلرز کلیم اللہ اور صدیق اللہ کو گرفتار کر کے ملزمان کے قبضہ سے 000،20 گرام کے قریب چرس برآمد کر کے ملزمان کے خلاف باغبانہ تھانہ میں مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی ملزمان منزا ٹرک میں بڑی مہارت کے ساتھ منشیات فٹنگ کر کے منتقل کرنے کی کوشش میں تھے۔

CamScanner

# BMC برانچ کے بنک کیشئر کے رویے کا نوٹس لیا جائے

## سائلین کیساتھ توہین آمیز رویہ اختیار کرنے سے بدنظمی پیدا ہوتی ہے، الائیڈ ہیلتھ آرگنائزیشن

کوئٹہ (پ ر) الائیڈ ہیلتھ آرگنائزیشن فاطمہ جناح انسٹیٹیوٹ آف چیسٹ ڈیزیز کوئٹہ یونٹ کے صدر عزیز احمد بلوچ، سینئر نائب صدر حاجی محمد ابراہیم مینگل، چیئرمین میر عبدالعلی کھیازئی، سرپرست اعلیٰ امیر اللہ خان یوسفزئی اور پریس سیکرٹری خلیل اللہ کھیازئی نے نیشنل بنک آف پاکستان بی ایم سی برانچ کے کیشئر کے مسلسل غیر ذمہ دارانہ رویے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے انہوں نے کہا کہ متعدد بار کیشئر کی جانب سے کھاتہ داروں کے ساتھ ناروا سلوک اور بدزبانی کے واقعات پیش آئے ہیں چیکس کی تصدیق کے باوجود انہیں کیش کرنے سے انکار کرتا ہے سائلین کے ساتھ توہین آمیز رویہ اختیار کرتا ہے جس سے بنک میں آئے روز بدنظمی اور اشتعال پیدا ہوتا ہے انہوں نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بنک منیجر کی خاموشی اور عدم توجہی صورتحال کو مزید بگاڑ رہی ہے جو کہ انتظامی غفلت کے مترادف ہے یہ رویہ نہ صرف بنک قوانین کی خلاف ورزی ہے بلکہ ادارے کی ساکھ کو بھی نقصان پہنچا رہا ہے بینکوں کا مقصد عوام کیسہولت ہے مگر یہاں اس کے برعکس صورتحال دیکھنے میں آرہی ہے جو کہ انتہائی قابل تشویش ہے انہوں نے نیشنل بنک آف پاکستان کے ریجنل منیجر سے پرزور مطالبہ کیا کہ بی ایم سی برانچ کے مذکورہ کیشئر کے رویے کا نوٹس لیا جائے۔

MASHRIQ QUETTA

# وڈھ بجلی کی لوڈشیڈنگ کیخلاف عوام سراپا احتجاج، قومی شاہراہ بند

## شاہراہ کی بندش سے گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئیں، شدید گرمی میں مسافر پریشان

## سازش کے تحت بجلی مہیا نہیں کی جارہی ہے، مظاہرین سے عوامی و سیاسی رہنماؤں کا خطاب

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار تحصیل وڈھ میں بجلی کی غیر اعلانیہ اور طویل لوڈشیڈنگ کے خلاف عوامی غصہ عروج پر پہنچ گیا مشتعل شہریوں نے احتجاجاً وڈھ کے مقام پر قومی شاہراہ کو ہر قسم کی ٹریفک کیلئے بند کر دیا شاہراہ کی بندش سے کوئٹہ کراچی روٹ پر گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئیں اور سینکڑوں مسافر شدید گرمی میں پھنس کر رہ گئے مقامی ذرائع کے مطابق وڈھ اور گردونواح میں گزشتہ کئی ہفتے سے بجلی کی فراہمی کا نظام درہم برہم ہے روزانہ 18 سے 20 گھنٹے کی ......... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ نے زندگی کا پہیہ جام کر دیا ہے شدید گرمی اور حبس کے موسم میں بجلی کی بندش نے گھریلو صارفین طلباء، خواتین بچوں اور بزرگ شہریوں کی مشکلات میں کئی گنا اضافہ کر دیا ہے احتجاجی مظاہرین کا کہنا تھا کہ بجلی کی عدم دستیابی کے باعث گھروں میں پینے کے پانی کا بھی شدید بحران پیدا ہو گیا ہے ٹیوب ویل بند ہونے سے پانی کی سپلائی معطل ہے اور خواتین کو دور دراز علاقوں سے پانی بھر کر لانا پڑ رہا ہے تاجر برادری سب سے زیادہ متاثر ہوئی ہے وڈھ بازار کے دکانداروں ٹیلر ماسٹروں ویلڈنگ ورکشاپس اور آٹا چکی مالکان کا کہنا ہے کہ بجلی نہ ہونے کے باعث کاروبار مکمل طور پر ٹھپ ہو کر رہ گیا ہے

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلو...

Balochistan News Quetta
11 MAY 2026
Page No.

# بلوچستان میں ترقیاتی فنڈز کی مؤثر نگرانی وقت کی اولین کی ضرورت

جون ... بلوچستان اور باقی صوبوں ... اگلے مالی سال کے بجٹ ... بات، بیانات اور تجاویز و آراء کا سلسلہ جاری ہے مردست ... یں کہا جاسکتا کہ اگلے مالی سال کے وفاقی یا صوبائی میزانیوں میں ... لیا ہوگا یا نہیں مگر ہمیں امید ہے کہ بڑھتی ہوئی مہنگائی کے پیش نظر وفاقی اور صوبائی حکومتیں عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف کی فراہمی کے لئے زیادہ سے زیادہ منصوبے اور تجاویز بجٹ کا حصہ بنائیں گی ان سطور میں ہم ایک افسوسناک روایت کا ذکر کریں گے جو صرف بلوچستان تک محدود نہیں پورے ملک میں ہے یہ اور بات ہے کہ بلوچستان میں یہ روایت کچھ زیادہ ہی راسخ اور پکی ہوتی جارہی ہے مئی اور جون کے مہینے شروع ہوتے ہی سرکاری محکموں کی رفتار اچانک تیز ہو جاتی ہے، فائلیں حرکت میں آتی ہیں، منصوبے کاغذوں سے نکل کر سڑکوں پر آجاتے ہیں اور تعمیراتی مشینری کی آوازیں شہروں اور قصبوں میں سنائی دینے لگتی ہیں۔ بظاہر یہ سرگرمیاں ترقی اور پیش رفت کی علامت نظر آتی ہیں، مگر جب اس پورے عمل کا گہرائی سے جائزہ لیا جائے تو ایک تلخ حقیقت سامنے آتی ہے کہ بیشتر کام جلد بازی میں صرف فنڈز کے استعمال کی خاطر کئے جاتے ہیں یہ مسئلہ ملک کے دیگر حصوں میں بھی پایا جاتا ہے، مگر بلوچستان جیسے پسماندہ صوبے میں اس کے اثرات کہیں زیادہ گہرے اور دور رس ہوتے ہیں۔ یہاں وسائل پہلے ہی محدود ہیں، بنیادی سہولیات کی کمی ایک دیرینہ مسئلہ ہے اور ترقیاتی منصوبوں کی ہر ایک قسط عوام کے لئے امید کی کرن بن سکتی ہے۔ ایسے میں اگر ترقیاتی فنڈز کا بروقت اور مؤثر استعمال نہ ہو تو اس کا نقصان کئی گنا بڑھ جاتا ہے۔ مالی سال کے اختتام سے قبل ترقیاتی منصوبوں میں اچانک تیزی کا رجحان دراصل منصوبہ بندی کے فقدان کی علامت ہے۔ سال کے ابتدائی مہینوں میں منصوبے سست روی کا شکار رہتے ہیں، منظوری اور کاغذی کارروائیوں میں وقت ضائع ہوتا ہے، جبکہ عملی کام تاخیر کا شکار رہتے ہیں۔ پھر جون قریب آتے ہی صورتحال یکسر بدل جاتی ہے اور محکمے اس دوڑ میں شامل ہو جاتے ہیں کہ دستیاب فنڈز ہر صورت خرچ ہو جائیں۔ یہ روایت گزشتہ چند سالوں کے دوران سال بہ سال پختہ ہوتی دکھائی دی ہے ناقص تعمیرات، ادھورے منصوبے، بار بار مرمت کی ضرورت اور عوامی مشکلات میں اضافہ۔ ترقیاتی منصوبوں کا مقصد عوام کو سہولیات فراہم کرنا ہوتا ہے، مگر جب کام جلد بازی میں ہو تو معیار پس پشت چلا جاتا ہے۔ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں ہر سال یہ صورتحال نمایاں طور پر دیکھی جاسکتی ہے۔ اچانک سڑکوں کی کھدائی، بلیک ٹاپنگ اور مرمتی کاموں کا آغاز شہریوں کے لئے مشکلات کا باعث بن جاتا ہے۔ ایسی سڑکیں بھی اکھاڑ دی جاتی ہیں جو بظاہر قابل استعمال ہوتی ہیں، جبکہ چند ہی ماہ بعد انہی سڑکوں پر دوبارہ کام شروع ہو جاتا ہے۔ اس عمل سے نہ صرف ٹریفک کا نظام متاثر ہوتا ہے بلکہ گرد و غبار، شور اور روزمرہ زندگی میں رکاوٹیں بھی بڑھ جاتی ہیں۔ عوام یہ سوال پوچھنے پر مجبور ہو جاتے ہیں کہ آیا یہ واقعی ترقیاتی سرگرمیاں ہیں یا محض مالی سال کے اختتام سے قبل فنڈز کے استعمال کی ایک رسمی کارروائی۔ ترقیاتی فنڈز قومی خزانے کی امانت ہوتے ہیں۔ جب منصوبے ناقص معیار کے ساتھ مکمل کئے جائیں اور چند ہی مہینوں بعد دوبارہ مرمت کے محتاج ہو جائیں تو یہ براہ راست قومی وسائل کا ضیاع ہے۔ بلوچستان جیسے صوبے کے لئے یہ نقصان مزید سنگین ہے کیونکہ یہاں ترقیاتی ضروریات بے شمار اور وسائل محدود ہیں۔ تعلیم، صحت، مواصلات اور بنیادی ڈھانچے جیسے شعبوں میں بہتر منصوبہ بندی سے دیرپا نتائج حاصل کئے جاسکتے ہیں۔ مگر جب توجہ صرف فنڈز کے استعمال تک محدود ہو جائے تو اصل مقصد پس منظر میں چلا جاتا ہے۔ یہ بات قابل ذکر ہے کہ میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں موجودہ صوبائی حکومت نے کئی شعبوں میں اصلاحات کا آغاز کیا ہے۔ گورننس کو بہتر بنانے، عوامی خدمات میں بہتری لانے اور ترقیاتی عمل کو مؤثر بنانے کے لئے مختلف اقدامات کئے گئے ہیں جنہیں عوامی سطح پر سراہا جارہا ہے۔ صحت، تعلیم اور انفراسٹرکچر کے شعبوں میں پالیسی سطح پر سنجیدگی کا مظاہرہ کیا گیا ہے۔ شفافیت اور کارکردگی کو بہتر بنانے کے لئے ادارہ جاتی اصلاحات کی بات کی جارہی ہے، جو ایک مثبت پیش رفت ہے۔ یہی وجہ ہے کہ عوام کو موجودہ قیادت سے امیدیں وابستہ ہیں۔ تاہم، ترقیاتی فنڈز کے بروقت اور معیاری استعمال کا مسئلہ ایسا ہے جس پر فوری اور خصوصی توجہ کی ضرورت ہے۔ اگر اس مسئلے کو حل کرلیا جائے تو صوبے کی ترقی کی رفتار میں نمایاں بہتری آسکتی ہے۔ اس مسئلے کی بنیادی وجہ منصوبہ بندی کا فقدان اور نگرانی کے کمزور نظام کو قرار دیا جاسکتا ہے۔ اگر سال کے آغاز ہی سے منصوبوں پر عملدرآمد شروع ہو اور انہیں مرحلہ وار مکمل کیا جائے تو نہ صرف معیار بہتر ہوگا بلکہ وسائل کا ضیاع بھی روکا جاسکے گا۔ مؤثر نگرانی کا نظام اس سلسلے میں کلیدی کردار ادا کرسکتا ہے۔ ہر منصوبے کے لئے واضح ٹائم لائن، معیاری پیمانے اور جوابدہی کا نظام ہونا چاہئے تاکہ تاخیر اور ناقص کام کی گنجائش نہ رہے۔ اس صورتحال کو بہتر بنانے کے ہماری تجویز یہ ہے کہ منصوبوں کو سال کے آغاز سے ہی مرحلہ وار مکمل کیا جائے ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت کی نگرانی کے لئے جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کیا جائے مقامی سطح پر عوام کو ترقیاتی منصوبوں کی نگرانی میں شامل کیا جائے۔ موجودہ حکومت نے اصلاحات کا سفر شروع کر دیا ہے، جو امید افزا ہے۔ اب ضرورت اس امر کی ہے کہ ترقیاتی فنڈز کی نگرانی کو بھی اسی سنجیدگی سے لیا جائے تاکہ ترقیاتی منصوبے حقیقی معنوں میں عوامی فلاح کا ذریعہ بن سکیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No 6 Dated: 11 MAY 2026 Page No. 20

# معرکہ حق پاکستان کی تاریخ کا ایک ایسا عظیم اور یادگار دن ہے

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے معرکہ حق کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ معرکہ حق پاکستان کی تاریخ کا ایک ایسا عظیم اور یادگار دن ہے جب ملک نے اپنی عسکری قوت، قومی خودداری اور غیر متزلزل عزم کا لوہا پوری دنیا میں منوایا۔ انہوں نے کہا کہ یہ دن صرف ایک عسکری کامیابی کی یاد نہیں بلکہ قومی وحدت، قیادت کے درست فیصلوں اور افواج پاکستان کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا روشن باب بھی ہے وزیراعلیٰ بلوچستان نے اپنے پیغام میں کہا کہ معرکہ حق اس حقیقت کی واضح علامت ہے کہ پاکستان ایک مضبوط، خودمختار اور باوقار ریاست ہے جو اپنے دفاع، سلامتی اور قومی مفادات کے تحفظ کے لیے ہر سطح پر مکمل طور پر تیار ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب بھی وطن عزیز کو کسی بیرونی خطرے یا جارحیت کا سامنا ہوا، پاکستانی قوم اور افواج پاکستان نے اتحاد، عزم اور بہادری کے ساتھ دشمن کے عزائم کو ناکام بنایا۔ میر سرفراز بگٹی نے اس عظیم دن کے موقع پر افواج پاکستان، قومی سیاسی قیادت اور بالخصوص فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان کی جرات مندانہ قیادت اور بروقت فیصلوں نے دشمن کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملا دیا۔ انہوں نے کہا کہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت میں افواج پاکستان نے طاقت کے غرور میں مبتلا دشمن کو واضح پیغام دیا کہ پاکستان کے دفاع پر کوئی سمجھوتہ ممکن نہیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام معرکہ حق کے دن کو یوم فخر کے طور پر مناتے ہیں کیونکہ یہ دن پاکستان کے تحفظ، سلامتی اور استحکام سے وابستہ قومی عزم کی تجدید کی علامت ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کے عوام ہمیشہ وطن عزیز کے دفاع، قومی سلامتی اور استحکام کے لیے صف اول میں کردار ادا کرتے آئے ہیں اور آئندہ بھی ہر چیلنج میں اپنی ذمہ داریاں نبھاتے رہیں گے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پاکستان کی جانب اٹھنے والی ہر میلی آنکھ کے سامنے افواج پاکستان اور پوری قوم سیسہ پلائی دیوار بن کر کھڑی ہوگی۔ انہوں نے واضح کیا کہ آج کا دن اس عہد کی تجدید کا دن ہے کہ پاکستان سے محبت، وفاداری اور قومی یکجہتی کے جذبے میں کسی قسم کی کمزوری نہیں آنے دی جائے گی وزیراعلیٰ بلوچستان نے مزید کہا کہ قومی سلامتی، استحکام اور ترقی کے لیے ضروری ہے کہ پوری قوم متحد ہو کر ملکی اداروں کے ساتھ کھڑی رہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی سلامتی اور خودمختاری ہر پاکستانی کی اولین ترجیح ہے اور بلوچستان کے عوام اس قومی ذمہ داری سے پوری طرح آگاہ ہیں انہوں نے اپنے پیغام کے اختتام پر کہا کہ معرکہ حق ہمیں یہ سبق دیتا ہے کہ اتحاد، قربانی، قومی یکجہتی اور مضبوط قیادت ہی قوموں کو مشکلات سے نکال کر کامیابی کی منزل تک پہنچاتی ہے اور پاکستانی قوم ہمیشہ انہی اصولوں پر کاربند رہتے ہوئے وطن عزیز کے روشن مستقبل کے لیے اپنا کردار ادا کرتی رہے گی۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 11 MAY 2026

Page No. 21

# Skilling youth

Balochistan, the largest province of Pakistan, faces a plethora of challenges, with unemployment being a significant one. The province's youth, which constitutes a significant portion of the population, are struggling to find decent employment opportunities. Balochistan is a mineral rich province but regrettably there is no industry across the province excluding Hub district which is close to Karachi the largest city of the country. In the industries of Hub mostly the employees and workers are from Karachi. Luckily, China Pakistan Economic Corridor (CPEC) is also located in Balochistan despite that the unemployment rate is higher in the province and most of the people are linked with the agriculture sector to earn a livelihood. It is also a fact that rulers never focused on equipping youth with skill and technical education. Therefore, experts believe that imparting skill education to the youth of Balochistan can be a game-changer in controlling unemployment and unlocking the province's economic potential.

Skill education equips individuals with practical skills and knowledge, making them employable and enabling them to contribute to the economy. In Balochistan, where traditional education has failed to yield desired results, skill education can provide an alternative path to employment and economic empowerment. By imparting skills like vocational training, technical education, and entrepreneurship, the province can prepare the youth for the demands of the modern job market particularly once the CPEC becomes functional and the industries develop in the province.

Skill education makes individuals more attractive to potential employers, increasing their chances of getting hired. Young people can start their own businesses, creating employment opportunities for others and a skilled workforce can contribute to the economic development of the province, attracting investments and stimulating growth.

To achieve this, the government, civil society, and private sector must collaborate to establish vocational training centers, technical institutes, and entrepreneurship programs. These initiatives should focus on areas like agriculture, mining, and tourism, which have the potential to create employment opportunities in the province.

Imparting skill education to the youth of Balochistan is crucial for controlling unemployment and unlocking the province's economic potential. By empowering our youth with the right skills, we can create a brighter future for Balochistan and the entire country. It is hoped that the Balochistan government led by Mir Sarfaraz Bugti along with his cabinet would play an active role in providing opportunity to youth to get skilled and technical education and the technical institutions in the province would be made more vibrant to impart skilled education.